ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

اہل تشیع علماء/ ذاکرین پر مشتمل 20 رکنی وفد کی آئی جی سندھ سے ملاقات۔

کراچی27جولائی2022؁۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے سینٹرل پولیس آفس کراچی میں علماء/ذاکرین پر مشتمل 20 رکنی وفد نے ملاقات کی اوریکم تاعاشورہ محرم اور بعداذاں چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر ترتیب دیئے جانیوالے کنٹی جینسی پلان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور اپنی جانب سے مزید ضروری تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔

وفد کے اراکین نے رواں سال یکم تا دس محرم پولیس کی جانب سے فول پروف کنٹی جینسی پلان کی ترتیب اور اسکے تحت اختیارکردہ مجموعی سیکیورٹی اقدامات پر اپنے مکمل اطمینان کا اظہار کیا اور اپنی جانب سے پولیس کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

اس موقع پر وفد نے یہ بھی یقین دلایا کہ وہ باہمی محبت اخوت اوربھائی چارگی کی فضاء کو نا صرف پروان چڑھائیں گے بلکہ باہمی روابط کو مذید تقویت دیتے ہوئے ضلعوں کی سطح پر بین المسالک/مکاتب ہم آہنگی کے فروغ جیسے اقدامات کو اسکی روح کے مطابق انفرادی اوراجتماعی کاوشوں سے بھی یقینی بنائیں گے۔

آئی جی سندھ نے زونل ڈی آئی جیز اور ضلعی ایس ایس پیز کراچی کو ہدایات دیں کہ مرتب کیئے جانیوالے محرم کنٹی جینسی پلان میں یکم تا عاشورہ محرم کے سیکیورٹی اقدامات سمیت چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر بھی تمام جلوسوں،مرکزی جلوس،مجالس ودیگر اجتماعات کی سیکیورٹی کو انتہائی ٹھوس اور فول پروف بنایا جائے اور اس حوالے سے رینجرز سندھ وقانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں/انٹیلی جینس ایجینسیوں سے مربوط روابط پر خصوصی فوکس رکھا جائے جبکہ محرم کنٹی جینسی پلان کی ترتیب میں اہل تشیع اور اہلسنت علماء/ذاکرین کی جانب سے پیش کردہ تجاویز اور مشاورت کو بھی شامل کیا جائے۔

انہوں نے اجلاس کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں لوگوں کے ساتھ احسن سلوک اور برتاؤ جیسے عمل کو ہر سطح پر فروغ دینا ہوگا اورانفرادی و اجتماعی سطح پر صبروتحمل اورقوت برداشت کو مذید تقویت دینا ہوگی جوکہ بلاشبہ حقیقی امن وخوشحالی کے متقاضی ہیں۔

اجلاس کے اختتام پر وفد کے شرکاء نے ملک وقوم کی ترقی خوشحالی اور سالمیت کی مشترکہ طور پر دعا کی۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید اختر اوڈھو کے علاوہ ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ،ڈی آئی جی ٹریفک کراچی نے بھی محرم سیکیورٹی سمیت ٹریفک اقدامات سے اجلاس کو تفصیلی آگاہی دی۔اس موقع پر ڈی آئی جی ساؤتھ،ڈی آئی جی ویسٹ،ایس ایس پی ایسٹ اور اے آئی جی آپریشنز سندھ نے شرکت کی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-